BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن اپنے شہریوں کو موسم بہار کے دوران پارکنگ اور پراپرٹی کے معیارات پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کی یاد دہانی کرانا چاہتا ہے

موسم بہار کی آمد کے ساتھ ہی سٹی آف برامپٹن ایک یاد دہانی کرواتا ہے کہ ہمارے شہر کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کے لیے قوانین اور معیارات کو برقرار رکھنے میں ہم سب کا اہم کردار ہے۔

سٹی آف برامپٹن کے ضمنی قوانین ہمارے لیے ایک رہنماء کے طور پر کام کرتے ہیں، جو ہر کسی کو صاف اور محفوظ مقامی علاقوں سے لطف اندوز ہونے اور مشترکہ عوامی جگہوں کی خوبصورتی کو برقرار رکھنے میں ہماری مدد کرتے ہیں۔

رہائشیوں سے درج ذیل چیزوں کا دھیان رکھ کر ایک اچھا پڑوسی بننے کی گزارش کی جاتی ہے:

- فٹ پاتھ کو صاف ستھرا رکھیں اور فٹ پاتھ یا سڑکوں پر رکاوٹ بننے والی گاڑیاں کھڑی کرنے کی اجازت نہیں ہے
- ضرورت سے زیادہ شور شرابے سے اجتناب کریں، شور شرابے پر قابو پانے کے ضوابط ہمیں ہم آہنگ کمیونٹیز کی تعمیر اور انہیں بحال رکھنے میں مدد فراہم کرتے ہیں
- پراپرٹی کے معیارات پر پورا اترنے کے لیے صحن اور باغیچہ کی صفائی کا خاص خیال رکھیں، انہیں صاف ستھرا اور خطروں سے پاک رکھیں
- شہر کی سڑکوں پر رات 2 تا صبح 6 بجے کے درمیان یا کسی بھی وقت مسلسل تین گھنٹوں سے زیادہ تک گاڑیاں پارک نہ کریں، ماسوائے یہ کہ پارکنگ کی اجازت ہو

سٹی آف برامپٹن کا بائی لا انفورسمنٹ ڈویژن اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے رہائشی عوامی املاک کے متعلق جرائم، مثلاً برف کو غلط سمت میں ہٹانا، بہت زیادہ اونچی آواز میں موسیقی سننا اور پارکنگ کی خلاف ورزیوں کے علاوہ دیگر کئی امور سے متعلق سٹی کے ضمنی قوانین کی پابندی کریں۔ یہ یونٹ سڑکوں، فٹ پاتھوں، پارکوں اور دیگر عام عوامی جگہوں کے استعمال کے حوالے سے عوام کی حفاظت کو برقرار رکھنے کی بھرپور کوشش کرتا ہے۔

پراپرٹی اسٹینڈرڈز سیکشن نجی املاک کے خلاف جرائم کی روک تھام کے لیے ذمہ دار ہے، تاکہ رہائشیوں کو اپنی پراپرٹیز کو برقرار رکھنے میں مدد فراہم کی جائے۔ انسپکٹرز اضافی گھاس اور جڑی بوٹیوں کی افزائش کی روک تھام کے علاوہ کوڑہ کرکٹ اور ملبے کی شکایات کو دور کرنے کے لیے بھی کام کرتے ہیں۔

مزید جاننے کے لیے brampton.ca/bylaws ملاحظہ کریں۔

**اقتباسات**

"موسم بہار کو صحت بخش اور خوشگوار بنانے میں ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا ہے۔ سٹی آف برامپٹن کی ہماری بائی لاء ٹیم ہماری کمیونٹی کو محفوظ اور صاف رکھنے کے لیے سال بھر کام کرتی ہے۔ جیسے جیسے گرم موسم واپس آ رہا ہے، ہم اس بات کو یقینی بنانے میں اپنی ٹیم کی مدد کر سکتے ہیں کہ ہم اپنی پراپرٹی کے معیارات کو برقرار رکھیں اور شور شرابہ و پارکنگ کے قوانین کی پاسداری کریں، تاکہ ہم سب اپنے مقامی علاقوں سے لطف اندوز ہو سکیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"جب ہم گرم موسم کا خیرمقدم کرتے ہیں اور باہر نکلتے ہیں، تو کچھ اہم چیزیں ہیں جن پر عمل کر کے ہم اچھے پڑوسی بن سکتے ہیں اور اپنے علاقوں کو محفوظ تر بنا سکتے ہیں تاکہ ہم سب پُرجوش محسوس کریں۔ براہ کرم شور شرابہ سے اجتناب کریں، اپنی پارکنگ کی جگہ اور اپنی پراپرٹی کی مجموعی دیکھ بھال کے بارے میں محتاط رہیں اور اپنے شہر اور کمیونٹی کا خیال رکھنے میں ہماری مدد کریں۔ ہم سب کی دیکھ بھال کو یقینی بنانے میں ہمارا تھوڑا تھوڑا عمل بھی بہت بڑا فرق پیدا کرتا ہے۔"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر، وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، لیجسلیٹِو سروسز*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca